مدارس میں بچوں کو حرام غذا پیش کرنےکے سلسلے میں والدین کی ذمہ داری ۔

مدارس میں بچوں کو حرام غذا پیش کرنےکے سلسلے میں والدین کی ذمہ داری ۔

س ۱ : میں جاپان میں رہتا ہوں میری چھ سالہ بچی ہے جو جاپانی مدرسے میں پڑھتی ہےجاپانی مدارس میں بچوں کو غذا دی جاتی ہے جس میں سور کا گوشت بھی ہوتا ہے چونکہ اپنے بچے کی غذا کو دوسرے بچوں کی غذا سے الگ کرنا مشکل کام بھی ہے اور بچے کے نفسیات پر اس کےمنفی اثرات بھی مرتب ہوتے ہیں اور ابھی بچی نابالغ بھی ہے میرا سوال یہ ہے کہ اس صورت میں ذمہ داری کیا ہے ؟ کیا حتما اس کی غذا کو ہم الگ کردیں اگر چہ ایسا کرنا مشکل بھی ہو ؟ یا یہ کہ اس میں کوئی اشکال نہیں ہےوہ اپنی کلا س کے ساتھیوں کے ساتھ کھانا کھا سکتی ہے اگر چہ غذا میں سور کا گوشت ہی کیوں نہ ہو ؟
س ۲ : احکام کی بعض کتابوں میں میں نے دیکھا ہے کہ بچوں کو نجس شئی کھلانے میں کوئی اشکال نہیں ہے اگر وہ مضر نہ ہو تو کیا میرا پہلا سوال بھی اسی قسم سے ہے ؟
ج : بچوں کو نجس شئی اور سور کا گوشت کھلانا حرام ہے اگر تم خود ایسا کام نہیں کرتے ہو تو منع کرنا بھی تمہاری ذمہ داری نہیں ہے ۔